9 جون 2023

# سٹی آف برامپٹن ریسٹورینٹس، بارز اور کیفے سے پیٹیو برامپٹن پروگرام کے تحت درخواستیں قبول کر رہا ہے۔

***اس موسم گرما کے دوران رہائشیوں کے لیے کھانے پینے اور مقامی کاروباروں کی مدد کرنے کے لیے مزید بیرونی جگہیں بنائی جا رہی ہیں***

برامپٹن، آن – گرمیوں کے موسم سے پہلے، سٹی آف برامپٹن ریسٹورینٹس، بارز اور کیفے کو یاد دلا رہا ہے کہ وہ میونسپل یا پرائیویٹ پراپرٹی پر 31 اکتوبر 2023 تک عارضی سیزنل پیٹیو اور بیٹھنے کی جگہیں بنانے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ درخواست دہندہ 7 نومبر کو صبح 7 بجے کے بعد پیٹیو کو ہر صورت میں ہٹانے اور جگہ کو اس کی اپنی اصل شکل میں واپس لانے کا خود ذمہ دار ہو گا۔

پیٹیو میں عارضی طور پر توسیع کرنے کے لیے درخواست فارم سٹی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے اور درخواست سٹی کلرک کے دفتر میں آن لائن طور پر بھی جمع کرائی جا سکتی ہے۔

پیٹیو برامپٹن پروگرام کی مدد سے، رہائشی زیادہ تعداد میں گرمیوں کے موسم سے لطف اندوز ہونے اور مقامی کاروباروں کو سپورٹ کرنے کے لیے باہر جا سکیں گے۔

**نیا برائے 2023**

1 جنوری 2023 سے، حکومت اونٹاریو نے میونسپلٹیوں کو *مستقل طور پر شراب فروشی کے لائسنس اور کنٹرول ایکٹ، 2019* کے تحت *اونٹاریو ریگولیشن 746/21* کے سیکشن 153.1 کے مطابق، شراب کے لائسنس یافتہ احاطے کی عارضی بیرونی توسیع کو منظور کرنے کا اختیار دے دیا گیا ہے۔ اس سے پہلے، شراب فروشی کے لائسنسوں کی ہر قسم کی آؤٹ ڈور توسیع کی منظوری AGCO کے اختیار میں تھی اور درخواست گزار کو میونسپلٹی کی جانب سے عدم اعتراض کا ایک خط فراہم کرنا پڑتا تھا۔ یہ صرف ایسے کاروباروں کی لائسنس یافتہ جگہوں کی آؤٹ ڈور ایکسٹینشن پر لاگو ہوتا ہے، جن کے پاس پہلے سے شراب فروشی کے قابل قبول لائسنس موجود ہوں۔ پہلے سے لائسنس یافتہ کاروباروں کے لیے شراب فروشی اور استعمال کرنے کے لیے وقت کی توسیع کا اختیار ابھی بھی AGCO کے پاس ہے۔

1 جنوری 2023 کے بعد ہر میونسپیلٹی انفرادی طور پر درج ذیل کام کر سکتی ہے:

- ایک کیلنڈر سال کے دوران لائسنس یافتہ کاروبار کی آؤٹ ڈور جگہوں میں آٹھ ماہ تک کی توسیع کو منظور کرنے کا اختیار رکھتی ہے
- میونسپل کی منظوری کے بعد مقامی حالات کے مطابق اپنی شرائط لاگو کر سکتی ہے
- میونسپلٹی کی طرف سے منظور شدہ بیرونی توسیع پر رکھی گئی کسی بھی شرائط پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کی ذمہ دار ہے

**پس منظر**

جون 2020 میں، سٹی کونسل نے پیٹیو برامپٹن پروگرام کو ایک عارضی پیٹیو ایکسٹینشن پروگرام کے طور پر متعارف کروایا تھا تاکہ برامپٹن کے بارز اور ریسٹورینٹس کے لیے اپنے پیٹیو کو وسعت دینے اور کوویڈ-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے جسمانی دوری برقرار رکھنے کے عمل کو آسان بنایا جا سکے۔ یہ پروگرام 1 جنوری 2023 کو ختم ہو گیا تھا۔

پیٹیو میں توسیع یا درخواست کے عمل سے متعلق سوالات کے لیے، براہ کرم cityclerksoffice@brampton.ca پر ای میل بھیجیں یا 905.874.2113 پر کال کریں۔

**لنکس:**

- پیٹیو برامپٹن پروگرام
- پیٹیو میں عارضی توسیع کا آن لائن درخواست فارم

-30-

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca